| Narration | Time |
|---|---|
| 'Inkscape' استعمال کرتے ہوئے 'Special Effects on Text' پر اسپوکن ٹیوٹوریل میں خوش آمدید. | 00:01 |
| اس ٹیوٹوریل میں ہم مندرجہ ذیل بنانا سیکھیں گے، رِفلیکٹڈ یعنی عکاس ٹیکسٹ، لیبلڈ ٹیکسٹ، اور ٹیکسٹ کا کیس یعنی قسم تبدیل کرنا | 00:07 |
| اس ٹیوٹوریل کو ریکارڈ کرنے کے لئے میں Ubuntu Linux 12.04 OS استعمال کر رہا ہوں | 00:16 |
| اس سیریز میں گزشتہ سارے ٹیوٹوریلس 0.48.4 میں ریکارڈ کئے گئے تھے. | 00:22 |
| اس ٹیوٹوریل سے میں 0.91 ورژن میں ریکارڈ کروں گا جو تازہ ترین سٹیبل ورژن ہے. | 00:28 |
| اب 'Inkscape' کھولیں . پہلے ہم رِفلیکٹڈ ٹیکسٹ بنانا سیکھیں گے. | 00:35 |
| 'Text' ٹول منتخب کریں اور لفظ 'SPOKEN' ٹائپ کریں . ٹیکسٹ کو 'bold' کریں. | 00:41 |
| اب میں ٹیکسٹ کو زوم کرتا ہوں جس سے میں کارکردگی واضح طور پر دیکھ سکوں. | 00:49 |
| اب "Object menu' پر جائیں اور Fill and Stroke ' آپشن منتخب کریں. | 00:54 |
| پھر 'Fill' کے ٹیب میں 'Linear gradient' پر کلک کریں. | 00:59 |
| دکھائے گئے طریقے سے گریڈینٹ 'handles' پر کلک کریں اور گریڈینٹ رنگ کو سرخ اور نیلے رنگ میں تبدیل کریں. | 01:03 |
| گریڈینٹ کو عمودی طور پر الائن کریں . تو اب سکرین پر ظاہر طریقے سے گریڈینٹ اوپر سے سرخ اور نیچے سے نیلا ہونا چاہیئے. | 01:12 |
| 'Selector tool' پر کلک کریں اور ٹیکسٹ کو ڈپلیکیٹ کرنے کے لئے 'Ctrl + D' دبائیں | 01:21 |
| اب ڈپلیکیٹ کئے ہوئے ٹیکسٹ کو flip کرنے یعنی پلٹنے کے لئے کی بورڈ پر 'V' دبائیں. | 01:27 |
| پلٹنے کے لئے ہم 'Tool controls bar' پر دستیاب آپشن بھی استعمال کر سکتے ہیں. | 01:32 |
| اب ہم ڈپلیکیٹ کئے ہوئے ٹیکسٹ کو اصل ٹیکسٹ کے نیچے لائیں گے جس سے یہ اسکے عکس کی طرح نظر آئے. | 01:39 |
| اب 'Gradient tool' کو منتخب کریں اور نیچے والے گریڈینٹ ہینڈل پر کلک کریں. | 01:46 |
| 'Fill and Stroke' ڈائیلاگ باکس پر کلک کریں . یہاں ہم 'Alpha' ویلیو کو بدل کر 0 کریں گے | 01:52 |
| ہم نیچے والے ہینڈل کو بھی تھوڑا سا اوپر کی سمت میں لائیں گے. | 01:59 |
| 'Selector tool' پر کلک کریں . اب 'Opacity' کو کم کر کے 80 کریں اور اینٹر دبائیں. | 02:05 |

| | |
|---|---|
| 02:12 | ہمارا رِفلیکٹِڈ ٹیکسٹ اب مکمل ہو گیا ہے ۔ اسے بہتر طور پر دیکھنے کے لئے تھوڑا اسا زوم کریں۔ |
| 02:20 | اب ہم لیبلڈ ٹیکسٹ بنانا سیکھیں گے۔ |
| 02:23 | سب سے پہلے ہم سبز رنگ کا ایک مستطیل بنائیں گے ۔ چونکہ 'Alpha' ویلیوز یرو ہے، یہ ابھی دکھتا نہیں ہے۔ |
| 02:32 | اسے 255 کریں اور اینٹر دبائیں۔ |
| 02:36 | اب مستطیل پر ٹیکسٹ 'SPOKEN TUTORIAL' ٹائپ کریں۔ |
| 02:43 | 'Selector' ٹول پر کلک کریں اور ٹیکسٹ کے مطابق مستطیل کا سائیز بدلیں۔ |
| 02:48 | ٹیکسٹ منتخب کریں ۔ اب ٹیکسٹ کو ڈپلیکیٹ کرنے کے لئے ' لئے 'Ctrl + D' دبائیں۔ |
| 02:54 | ڈپلیکیٹ ٹیکسٹ بنیادی ٹیکسٹ کے بالکل اوپر ہے۔ |
| 02:58 | ٹیکسٹ کا رنگ سفید کریں، پھر 'Path menu' پر جائیں اور 'Object to path' آپشن پر کلک کریں۔ |
| 03:07 | اب 'Object menu' پر کلک کریں اور پھر 'Ungroup' آپشن پر کلک کریں۔ |
| 03:12 | دوبارہ 'Path menu' پر جائیں اور 'Union' آپشن پر کلک کریں۔ |
| 03:17 | 'Tool controls bar' پر، 'Lower selection one step' آئکن پر کلک کریں۔ |
| 03:23 | ایک بار پھر 'Path' مینو پر جائیں اور اس وقت ہم 'Linked offset' آپشن پر کلک کریں گے۔ |
| 03:30 | اس ہینڈل پر کلک کریں جو ٹیکسٹ پر دکھتا ہے اور آؤٹ لائن کو بڑا کرنے کے لئے اسے ڈریگ کریں۔ |
| 03:37 | 'Selector' ٹول پر کلک کریں ۔ پھر ٹیکسٹ پر کلک کریں اور اسے نیچے لائیں۔ |
| 03:43 | دیکھیں، ایک اور ٹیکسٹ بن گیا ہے ۔ ٹیکسٹ منتخب کریں اور اسے ڈیلیٹ کریں۔ |
| 03:49 | اب، آؤٹ لائن حصہ کو منتخب کریں اور 'Nodes' ٹول پر کلک کریں۔ |
| 03:53 | 'Tool controls bar' پر، 'Convert selected object to path' ٹول پر کلک کریں۔ |
| 03:58 | اب آپ آؤٹ لائن پر نوڈس دیکھ سکتے ہیں ۔ یہاں ظاہر طریقے سے، وسط میں غیر ضروری نوڈس منتخب کریں اور انہیں ڈیلیٹ کریں۔ |
| 04:09 | دوبارہ 'Selector' ٹول پر کلک کریں اور ٹیکسٹ کو واپس اس کی اصل حالت میں لائیں۔ |
| 04:14 | ٹیکسٹ کا رنگ بدل کر سبز کریں۔ |
| 04:18 | آؤٹ لائن حصہ منتخب کریں اور اسے ڈپلیکیٹ کرنے کے ' لئے 'Ctrl + D' دبائیں ۔ ایک بار پھر یاد رکھیں کہ ڈپلیکیٹ آؤٹ لائن، اورجنل یعنی اصل کے ٹھیک اوپر ہے۔ |

| | |
|---|---|
| 04:28 | رنگ کو تبدیل کر کے سیاہ کریں. |
| 04:31 | پھر 'Tool controls bar' پر، تین بار 'Lower selection one step' آئکن پر کلک کریں. |
| 04:38 | بالآخر 'Fill and stroke' ڈائیلاگ باکس میں 'opacity' کو کم کر کے 60 کریں اور 'blur' کو بڑھا کر 7 کریں. |
| 04:47 | یہ کرنے کے بعد ہم لیبل کے لئے ہینگر بنائیں گے. |
| 04:50 | لہذا 'Ellipse' ٹول پر کلک کریں . پھر 'Ctrl key' دبائیں اور مستطیل کے اوپر بائیں طرف ایک دائرہ بنائیں، تاکہ لیبل پر ایک سوراخ بن جائے. |
| 05:00 | دائرے کو ڈپلیکیٹ کرنے کے لئے 'Ctrl + D' دبائیں اور دائرے کو مستطیل کے دوسرے سرے پر لائیں. |
| 05:06 | اب 'Bezier tool' پر کلک کریں اور ظاہر طریقے پر ایک کروڈ لائن بنائیں. |
| 05:13 | بنائی گئی لائن ایک ہینگر کی طرح نظر آنی چاہیئے. |
| 05:16 | 'Fill and stroke' ڈائیلاگ باکس پر 'Stroke style' میں 'width' کو بدل کر 5 کریں. |
| 05:22 | اب ہمارا لیبل لگا ہوا ٹیکسٹ تیار ہے . اب ہم زوم کرتے ہیں اور اسے بہتر طور پر دیکھتے ہیں. |
| 05:30 | آگے، سیکھتے ہیں کہ 'Inkscape' میں ٹیکسٹ کے کیس یعنی قسم کو کس طرح تبدیل کرتے ہیں. |
| 05:34 | 'Text' ٹول پر کلک کریں اور canvas پر حروف تہجی ٹائپ کریں . دیکھیں کہ مکمل ٹیکسٹ لوور کیس یعنی چھوٹے حروف میں ہے. |
| 05:43 | اب 'Extensions' مینو پر جائیں اور 'Text' نامی آپشن اور پھر 'Change Case' پر کلک کریں . آپ کو کچھ آپشنس نظر آئیں گے. |
| 05:52 | اب میں 'UPPERCASE' آپشن پر کلک کرتا ہوں . دیکھیں کہ حروف تہجی کا کیس اپر- کیس میں یعنی بڑے حروف میں تبدیل ہو گیا ہے. |
| 05:59 | دوبارہ ٹیکسٹ پر کلک کریں، 'Extensions menu' پر، پھر 'Text' پر اور آخر میں 'Change Case' پر جائیں. |
| 06:07 | اس وقت 'Random Case' آپشن منتخب کریں . ٹیکسٹ کے کیس میں تبدیلی کو دیکھیں. |
| 06:13 | آپ دوسرے آپشنس کی کوشش اپنے آپ کر سکتے ہیں. |
| 06:16 | اس کے ساتھ ہم اس ٹیوٹورل میں آخر میں آ گئے ہیں. |

| | |
|---|---|
| 06:19 | اس کا خلاصہ بیان کرتے ہیں .اس ٹیوٹوریل میں ہم نے مندرجہ ذیل کرنا سیکھا :عکاس یعنی رِفلیکٹِڈ ٹیکسٹ، لیبلڈ ٹیکسٹ اور ٹیکسٹ کے کیس کو 'lowercase' سے 'uppercase'اور 'random-case' میں تبدیل کرنا |
| 06:31 | یہاں آپ کے لئے ایک مشق ہے . کسی سطح پر رِفلیکٹِڈ ٹیکسٹ 'INKSCAPE' بنائیں. |
| 06:37 | ٹیکسٹ 'Inkscape' لکھیں اور ٹیکسٹ کے کیس کو 'Flip case' میں بدلیں. |
| 06:42 | مکمل کی ہوئی مشق اس طرح نظر آنی چاہیے. |
| 06:45 | مندرجہ ذیل لنک پر دستیاب ویڈیو اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کا خلاصہ بیان کرتا ہے .اسے دیکھیں. |
| 06:51 | اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹیم ورکشاپس چلاتی ہے اور آن لائن ٹیسٹ پاس کرنے والوں کو اسناد دیتی ہے. |
| 06:58 | مزید معلومات کے لئے ہمیں لکھیں. |
| 07:01 | اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ حکومت ہند کے MHRD کے NMEICT کی طرف حمائت شدہ ہے. |
| 07:06 | اس مشن پر مزید معلومات اس لنک پر دستیاب ہیں. |
| 07:10 | آئی آئی ٹی بمبئی سے میں وجاحت احمد آپ سے رخصت لیتا ہوں .شامل ہونے کے لئے آپ کا شکریہ. |